بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون ۴۴۹

ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء ۔ عسیٰ ان تکرھوا شیئا و ھو خیر لکم

ٹیلیفون نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ

الفضل

ربوہ

The Daily
ALFAZL
RABWAH

مدیر مسعود احمد دہلوی

قیمت ۴۰ پیسے

جلد ۶۷/۳۲ | ۳۰ محرم ۱۳۹۹ھ ۔ ۳۱ فتح ۱۳۵۷ھش ۔ ۳۱ دسمبر ۱۹۷۸ء | نمبر ۲۹۷

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اخبارِ احمدیہ

ربوہ ۳۱ دسمبر۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے متعلق محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ:۔

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے، الحمد للہ

احباب جماعت خاص توجہ اور التزام کے ساتھ دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ حضور کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے، برکتوں سے معمور لمبی زندگی عطا فرمائے اور ہر لحظہ حضور کا حافظ و ناصر ہو۔ آمین

جماعتِ احمدیہ کے چھیاسی ۸۶ ویں جلسہ سالانہ کے اہم اور ضروری کوائف

جلسہ میں شامل ہونیکی سعادت حاصل کرنیوالوں کی مجموعی تعداد خدا کے فضل سے قریباً ایک لاکھ ستر ہزار رہی، الحمد للہ

ہزارہا احباب روزانہ مسجد مبارک میں نمازِ تہجد باجماعت ادا کرتے رہے اور درسِ قرآن پاک سے مستفیض ہوتے رہے

شبینۂ اجلاس کا انعقاد

یہ اللہ تعالیٰ کا خاص فضل و احسان ہے کہ اس کی دی ہوئی بشارات اور وعدوں کے عین مطابق امسال بھی جماعتِ احمدیہ کا مقدس و بابرکت جلسہ سالانہ غیر معمولی طور پر ہر اعتبار سے بہت ہی کامیاب رہا۔ شدید سردی اور سفر کی بہت سی مشکلات کے باوجود پاکستان کے ہر علاقے اور ہر حصے سے بہت بڑی تعداد میں احمدی احباب اور احمدی بہنوں نے نہایت اخلاص کے ساتھ جوق در جوق جلسہ میں شامل ہونے کی توفیق پائی اسی طرح دنیا کے دیگر بہت سے ممالک سے بھی احمدی جماعتوں کے وفود اور احباب دیوانہ وار اپنے مرکز میں تشریف لائے۔ جلسہ کے مبارک ایام میں انہیں اجتماعی اور انفرادی طور پر دعائیں کرنے اور عبادات بجالانے کے غیر معمولی مواقع میسر آئے۔ انہوں نے باہمی ملاقاتوں کے ذریعہ اپنے تعلقاتِ اخوت و محبت کو تازہ کیا۔ مقبرہ بہشتی ربوہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعود رضی اللہ عنہ، حضرت اماں جان رضی اللہ عنہا اور دیگر بزرگانِ جماعت کے مزاروں پر دعائیں کرنے والوں کا ہر وقت تانتا بندھا رہا۔ غرض جلسہ میں شامل ہونے والوں نے جلسہ سالانہ کے ان اغراض و مقاصد کو پورا کرنے کی مقدور بھر کوشش کی جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مقرر فرمائے تھے اور اس طرح جلسہ کی روحانی برکات و فیوض سے اپنی جھولیاں بھرنے کے بعد وہ واپس روانہ ہوئے۔ جلسہ سالانہ کے اہم اور ضروری کوائف مختصراً درج ذیل کئے جاتے ہیں:۔

جلسہ میں شامل ہونیوالوں کی تعداد

جیسا کہ احباب کو علم ہے اور ان کا ہر سال کا مشاہدہ ہے یہ جلسہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا "اک سے ہزار ہووے" کی قبولیت کا ایک درخشندہ نشان ہے جو ہر سال جماعت کی معجزانہ ترقی کا ایک ناقابلِ تردید ثبوت بہم پہنچاتا ہے۔ چنانچہ امسال بھی یہ جلسہ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت کا مظہر بنا اور اس میں اکنافِ عالم سے تشریف لاکر شمولیت اختیار کرنے والوں کی تعداد میں غیر معمولی طور پر بہت اضافہ ہوا۔ اس اضافہ کا واضح ثبوت یہ ہے کہ زنانہ اور مردانہ دونوں جلسہ گاہوں میں مزید وسعت پیدا کرنے کے باوجود وہ ناکافی نظر آتی تھیں۔ زنانہ جلسہ گاہ اس دفعہ خلافت لائبریری کے عقبی میدان میں تیار کی گئی تھی اور اس میں گذشتہ سال کی نسبت غیر معمولی طور پر بہت اضافہ کر دیا گیا تھا لیکن پھر بھی وہ آنے والی بہنوں کی کثرت کی وجہ سے ناکافی ثابت ہوئی۔

کھانے کی پرچی کے لحاظ سے بھی اس دفعہ مہمانانِ کرام کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ہوا چنانچہ گذشتہ سال کے جلسہ میں کھانے کی پرچیوں کی جو مجموعی تعداد تھی امسال اس میں کم و بیش بیس ہزار کا اضافہ ہوا۔ مجموعی لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو امسال اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اسلام اور احمدیت کے قریباً ایک لاکھ ستر ہزار پروانوں نے اپنے اس مقدس جلسہ میں شامل ہونے کی توفیق پائی، الحمد للہ۔

نمازِ تہجد اور درس القرآن

جلسہ کے مبارک ایام میں احباب جماعت بڑی کثرت کے ساتھ مسجد مبارک میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اقتداء میں نمازیں ادا کرتے رہے اور دعائیں کرتے رہے۔ حسبِ سابق امسال بھی مسجد مبارک میں نمازِ تہجد باجماعت ادا کرنے کا انتظام کیا گیا تھا۔ شدید سردی کے اس موسم میں بھی دور و نزدیک سے ہزاروں احباب روزانہ سحری کے وقت مسجد مبارک میں تشریف لاتے رہے اور نمازِ تہجد میں شامل ہو کر بڑے سوز و گداز کے ساتھ دعائیں کرنے کی توفیق پاتے رہے۔ امسال حافظ قاری حافظ محمد صدیق صاحب شاہد مربی سلسلہ احمدیہ روزانہ نمازِ تہجد پڑھاتے رہے۔

نمازِ فجر کے بعد روزانہ مسجد مبارک میں نظارت اصلاح و ارشاد کے زیر اہتمام قرآنِ پاک کا درس ہوتا رہا۔ پہلے دن محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب نے، دوسرے دن محترم مولانا شیخ مبارک احمد صاحب نے اور تیسرے دن محترم مولانا عبد المالک خان صاحب نے یہ درس دیا۔ ربوہ کے تمام محلہ جات کی مساجد میں بھی روزانہ نمازِ فجر کے بعد درس ہوتے رہے جن میں احبابِ جماعت کثرت کے ساتھ شامل ہوتے رہے۔

شبینہ اجلاس کا انعقاد

جلسہ سالانہ کے موقع پر ہر سال ایک شبینہ اجلاس بھی منعقد ہوا کرتا ہے چنانچہ امسال بھی نظارت اصلاح و ارشاد کے زیر اہتمام مسجد اقصیٰ میں ۲۶ دسمبر کی شب کو یہ اجلاس منعقد ہوا جس میں صدارت کے فرائض محترم شیخ محمد حنیف صاحب امیر جماعت احمدیہ کوئٹہ نے سرانجام دیئے۔ اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن سے ہوا جو کہ مکرم صالح محمد خان صاحب شاہد نے کی بعد ازاں مکرم مظفر احمد صاحب منصور واقف زندگی نے نظم پڑھی۔ تلاوت اور نظم کے بعد پروگرام کے مطابق مکرم پروفیسر محمود احمد خان صاحب دہلوی نے قرآن کے موضوع پر اپنا مقالہ پڑھ کر سنایا۔ مکرم مرزا محمد اسلم بیگ صاحب کراچی نے اسلام میں انسانی حقوق کے زیر عنوان اپنا مضمون پڑھا۔ آخر جامعہ احمدیہ ربوہ کے ایک طالب علم مکرم

پبلشر: مسعود احمد پرنٹر: سید عبدالحی ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقام اشاعت: دفتر الفضل ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مرزا عبدالصمد صاحب نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا سفر کشمیر کے موضوع پر تقریر کی۔ دعا پر یہ شیلنہ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

مرحومین کے لئے دعائے مغفرت

جلسہ سالانہ کا ایک مقصد حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے یہ مقرر فرمایا کہ

"جو بھائی اس عرصہ میں اس سرائے فانی سے انتقال کر جائیگا اس جلسہ میں اس کے لئے دعائے مغفرت کی جائے گی۔"

یہ غرض بھی حسب سابق امسال کے جلسہ میں پوری ہوئی چنانچہ جلسہ کے دوسرے روز یعنی ۲۷ دسمبر کو پہلے اور دوسرے اجلاس کے وقفہ میں نماز ظہر و عصر کی ادائیگی سے قبل محترم صوفی بشارت الرحمٰن صاحب صدر مجلس کارپرداز مقبرہ بہشتی ربوہ نے ان تمام موصی بھائیوں اور بہنوں کے نام پڑھ کر سنائے جو گذشتہ جلسہ سالانہ کے بعد سے لے کر اس وقت تک وفات پا کر محبوب حقیقی سے جا ملے اور مقبرہ بہشتی میں دفن ہوئے یا وہاں ان کی یاد میں کتبہ نصب ہوا اور پھر ان کی مغفرت اور بلندی درجات کے لئے دعا کرنے کی تحریک کی چنانچہ سب حاضر الوقت احباب نے زیر لب ان کے لئے دعائیں کیں۔

(باقی)

صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ

مخلصین کی غیرت کا تقاضا

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ کے سلسلہ میں حال ہی میں ایک خطبہ جمعہ میں انگلستان کی جماعتوں کو لقایا جات کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی ہے۔ پاکستان کی جماعتوں کے مخلصین کو بھی چاہیئے کہ وہ بھی حضور کے ارشادات کو مدنظر رکھتے ہوئے آگے بڑھیں اور اس سلسلہ میں پہلے سے زیادہ قربانی پیش کریں تاکہ ہم انگلستان کے دوستوں سے پیچھے نہ رہ جائیں۔ پاکستانی جماعتوں کے عہدہ داران بھی وصولیوں کا جائزہ لیں اور اس مہم کو اور زیادہ تیز کر کے عنداللہ ماجور ہوں۔ (سیکرٹری صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ)

تحریک وقف جدید کی اہمیت اور انصار اللہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعود رضی اللہ عنہ نے وقف جدید کے سلسلہ میں فرمایا:۔

"یہ کام خدا تعالیٰ کا ہے اور ضرور پورا ہو کر رہے گا۔ میرے دل میں چونکہ خدا تعالیٰ نے یہ تحریک ڈالی ہے اس لئے خواہ مجھے اپنے مکان بیچنے پڑیں کپڑے بیچنے پڑیں میں اس فرض کو تب بھی پورا کروں گا۔ اگر جماعت کا ایک فرد بھی میرا ساتھ نہ دے تو خدا تعالیٰ ان لوگوں کو الگ کر دے گا جو میرا ساتھ نہیں دے رہے اور میری مدد کے لئے فرشتے آسمان سے اتاریگا۔"

(الفضل ۷ جنوری ۱۹۵۸ء)

حضور رضی اللہ عنہ کے مندرجہ بالا ارشاد سے تحریک وقف جدید کی اہمیت واضح اور عیاں ہے تمام انصار بھائیوں بالخصوص زعماء کرام سے درخواست ہے کہ وہ اس سلسلہ میں اپنی مساعی کو تیز کریں اور جلد از جلد چندہ وقف جدید کی تمام وصولیاں کر کے مرکز کو بھجوا دیں تا وقت کے اندر بجٹ آمد پورا ہو جائے اور کام میں کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے۔

(قائد وقف جدید مجلس انصار اللہ مرکزیہ۔ ربوہ)

ولادت

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے مکرم برادرم ڈاکٹر شفیق احمد قیصر صاحب کو جو ان دنوں KOKOFU ہسپتال گھانا مغربی افریقہ میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں ۱۵ دسمبر ۱۹۷۸ء کو پہلا لڑکا عطا فرمایا۔ نومولود مکرم ڈاکٹر حفیظ احمد صاحب گیمبیا کا پوتا ہے۔

احباب جماعت دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو صالح، نیک، خادم دین اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے اور بابرکت لمبی عمر عطا فرمائے۔ آمین

(سید شمشاد احمد ناصر مبلغ سلسلہ احمدیہ۔ گھانا مغربی افریقہ)

محاسن قرآن پاک کے قطعات

نظارت اصلاح و ارشاد (تعلیم القرآن) نے امسال پھر محاسن قرآن پاک پر مشتمل خوبصورت اور دیدہ زیب قطعات آرٹ پیپر پر شائع کئے ہیں جن میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پاکیزہ کلام میں سے منتخب اشعار درج کئے گئے ہیں۔ دس قطعات کا سیٹ صرف چھ روپے میں نظارت اصلاح و ارشاد (تعلیم القرآن) سے حاصل کریں۔ (ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد (تعلیم القرآن)

حقیقی نیکی کو پانے کی راہ

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:۔

"...اور تم اے میرے عزیزو! میرے پیارو! میرے درخت وجود کی سرسبز شاخو! جو خدا تعالیٰ کی رحمت سے جو تم پر ہے میرے سلسلۂ بیعت میں داخل ہو... اپنے حسن خاتمہ کی فکر کریں اور وہ اعمال صالحہ جن پر نجات کا انحصار ہے۔ اپنے مالوں کے خدا کرنے اور پیارے وقتوں کو خدمت میں لگانے سے حاصل کریں اور خدا تعالیٰ کے اس غیر متبدل اور مستحکم قانون سے ڈریں جو وہ اپنے کلام عزیز میں فرماتا ہے لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون یعنی تم حقیقی نیکی کو جو نجات تک پہنچاتی ہے ہرگز پا نہیں سکتے بجز اس کے کہ تم خدا تعالیٰ کی راہ میں وہ مال اور وہ چیزیں خرچ کرو جو تمہاری پیاری ہیں۔" (فتح اسلام صفحہ ۵۷ تا صفحہ ۶۳)

جملہ امراء کرام صدر صاحبان سیکرٹریان مال و متعلقہ عہدیداران از راہ کرم پوری پوری نگرانی فرماویں اور چندہ جات کی بروقت ادائیگی اور مرکز میں جلد از جلد مقررہ میعاد کے اندر ترسیل کا باقاعدگی سے اہتمام فرماتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو صدق کا اعلیٰ نمونہ پیش کرنے کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین

(ناظر بیت المال آمد۔ ربوہ)

تبصرہ:۔

عقیدت کے پھول

مرتبہ مکرم عبدالباری صاحب قیوم ایم اے

دو صد صفحات پر مشتمل یہ کتاب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ علیہ السلام اور چند دیگر احمدی شعراء کے نعتیہ کلام پر مشتمل ہے۔ اس کے پیش لفظ میں محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب نے بجا طور پر تحریر فرمایا ہے کہ

"یہ گلدستۂ کلام مشک آنست کہ خود ببوید کا مصداق ہے.... اس کا یہ امتیازی پہلو ذکر کرنے کے لائق ہے کہ اس میں عام شاعرانہ روایات کے برعکس تکلف اور تصنع کی بجائے حقیقت عشق موجزن نظر آئے گی۔"

اس میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے منتخب نعتیہ کلام کے علاوہ ۶۸ احمدی شعراء اور ۶ شاعرات کا منتخب کلام جمع کر دیا گیا ہے۔ تربیتی اور تبلیغی دونوں لحاظ سے یہ مجموعہ کلام بہت مفید ہے اور اس قابل ہے کہ احباب بکثرت اسے خریدیں۔

قیمت مجلد سات روپے، غیر مجلد چھ روپے۔

ملنے کا پتہ:۔ قیوم اکیڈمی ۹/۱۸ دارالرحمت وسطی ربوہ

ادائیگی زکوٰۃ اموال کو بڑھاتی اور تزکیۂ نفوس کرتی ہے!

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اعلانِ نکاح

(۱) مکرم خان شریف احمد خان صاحب کی بیٹی عزیزہ فرزانہ بیگم کا نکاح ہمراہ فضل احمد خان ولد فیض محمد خان صاحب مورخہ ۱۶ نومبر ۷۸ء کو مکرم سید محمد میاں صاحب صدر جماعت احمدیہ نواب شاہ نے پڑھا

(۲) مکرم خان شریف احمد خان صاحب کی بیٹی عزیزہ رضیہ بیگم کا نکاح ہمراہ نذر محمد خان ولد غلام محمد خان صاحب مورخہ ۲۳ نومبر ۷۸ء کو مکرم محمد سلیم صاحب مربی جماعت احمدیہ نے پڑھا۔

احباب جماعت کی خدمت میں درخواست ہے کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان دونوں رشتوں کو جملہ متعلقہ خاندانوں کے لئے دینی و دنیوی لحاظ سے مبارک کرے اور مثمر بثمراتِ حسنہ بنائے۔ آمین۔ (عبدالقدوس ناظم انصار اللہ ضلع نواب شاہ (سندھ)

ولادت

مکرم جمال الدین صاحب شمس مربی سلسلہ احمدیہ لاٹھیانوالہ ضلع فیصل آباد کو اللہ تعالیٰ نے ۱۲ دسمبر ۷۸ء کو پہلا بچہ عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم ملک احمد دین صاحب کا پوتا اور مکرم ملک محمد موسیٰ صاحب کا نواسہ ہے۔ احباب بچہ کی درازیٔ عمر اور خادمِ دین بننے کیلئے دعا فرمائیں۔ (ملک محمد اسحاق کارکن فضل عمر ہسپتال ربوہ)

ولادت و درخواستِ دعاء

اللہ تعالیٰ نے ۱۸ دسمبر ۱۹۷۸ء بروز دوشنبہ خاکسار کو ایک لڑکے کے بعد ایک بیٹی عطا فرمائی ہے جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہِ شفقت فضیلت منورہ تجویز فرمایا ہے۔ یہ بچی چوہدری غلام محمد صاحب فیروزپوری مرحوم کی پوتی ہے اور میاں نذیر احمد صاحب ۸-۷۴۵ سٹیلائٹ ٹاؤن سرگودھا کی نواسی ہے۔

احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ نومولودہ کو اللہ تعالیٰ خادمۂ دین بنائے، قرآن سیکھے اور محض اپنے فضل سے ہمیں اس کی صحیح تربیت کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین نیز فضیلت منورہ کے بڑے بھائی صداقت احمد کے لئے بھی دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اسے بھی خادمِ دین بنائے اور زندگی وقف کرنے کی توفیق بخشے۔ آمین

(بشارت احمد قائد مجلس خدام الاحمدیہ دارالذکر لاہور)

درخواستِ دعاء

خاکسار کو ایکسیڈنٹ کی وجہ سے سخت چوٹیں آئی ہیں اور چلنے پھرنے سے معذور ہو گیا ہوں۔ احباب جماعت سے صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے درخواستِ دعا ہے۔

خاکسار محمد اعظم بوتالوی عفی عنہ
۱۷/۳۰ بیت الحفیظ دارالرحمت وسطی
ربوہ

آپ کو
جلسہ سالانہ
میں
شمولیت مبارک ہو
ایوانِ محمود کے بالکل سامنے
حضرت حکیم نظام جان صاحب (مرحوم)
کے چشمۂ فیض
مشہور دواخانہ
میں عورتوں اور مردوں کے شعبہ جات
مصروفِ خدمت ہیں!
حکیم عبدالحمید
مشہور دواخانہ ○ ربوہ
فون نمبر ۶۲۸

جرمن ★ امریکن ★ اور پاکستانی
ہومیوپیتھک و بایوکیمک ادویات کھلی یا سربمہر
ہومیوپیتھک کتب نیز پرانی اور پیچیدہ امراض کا علاج جرمن اور امریکن ادویات سے کیا جاتا ہے۔
ہومیوپیتھک ڈاکٹر ایس۔ اے۔ رحمٰن آر۔ ایم۔ پی
شاہ ہومیوپیتھک سٹور رحمت بازار ربوہ

دعائے مغفرت

میرے تایازاد بھائی مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب ابن حضرت حافظ ملک محمد صاحب پٹیالوی بقضائے الٰہی مورخہ ۹ دسمبر ۱۹۷۸ء کو بعمر ۷۸ سال کراچی میں وفات پا گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ مرحوم موصی تھے اسلئے جنازہ بذریعہ جناب ایکسپریس ۱۲/۱۰ کو ربوہ لایا گیا۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اسی شام بعد نماز عشاء نماز جنازہ پڑھائی اور لواحقین سے اظہارِ ہمدردی فرمایا۔ تدفین مکمل ہونے پر مکرم شیخ نصیر الدین صاحب مبلغ مغربی افریقہ نے دعا کرائی۔

مرحوم کا آبائی وطن پٹیالہ تھا لیکن ہجرت سے بہت عرصہ قبل ترکِ وطن کر کے قادیان میں سکونت اختیار کر لی تھی۔ ہجرت کے بعد ربوہ میں رہائش پذیر ہوئے لیکن ۱۵ سال قبل کراچی آ گئے تھے۔ مرحوم کو تبلیغ کا جنون تھا اسلئے تبلیغ کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ اب قریباً ایک سال سے بیمار چلے آ رہے تھے۔ اس بات کی شدید خواہش رکھتے تھے کہ بہشتی مقبرہ میں دفن ہوں چنانچہ اپنی وفات سے قبل وصیت کے تمام کاغذات مکمل کروا لئے تھے۔

مرحوم نے اپنے پیچھے بیوہ کے علاوہ ۳ لڑکے اور ۵ لڑکیاں چھوڑی ہیں جن میں سے سوائے ایک لڑکے اور ایک لڑکی کے سب شادی شدہ ہیں۔ وفات کے وقت ایک بیٹا اور ایک بیٹی پاکستان سے باہر ہونیکی وجہ سے وقت پر نہ پہنچ سکے۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کا حافظ و ناصر ہو۔ (عبدالشکور اسلم ایڈیشنل سیکرٹری تعلیم القرآن جماعت احمدیہ کراچی)

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ○ اے میرے رب میرے علم کو بڑھا (القرآن الحکیم) علم حاصل کرو خواہ چین جانا پڑے (فرمان رسول اکرم)
بی اے ترکھان ہو تو ایم اے لوہار ہو ○ پھر دیکھئے کہ ملک میں کیسی بہار ہو
بیکار مت بیٹھئے نسیم رجسٹرڈ کوئی ہنر سیکھئے
محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ اب آپ کو ۹ ہنر سکھاتا ہے

	کورس مدت	فیس
(۱) سٹیل فکسر (سٹیل باربائینڈ اور سٹیل ارریکٹر	۲ ہفتے	۱۰۰ روپے
(۲) شٹرنگ کارپینٹر	۲ ہفتے	۱۰۰ روپے
(۳) پائپ فٹر (ارریکٹر پلمبر۔ فیبریکیٹر سینٹری فٹنگ)	۳ ہفتے	۱۵۰ روپے
(۴) ویلڈنگ (الیکٹرک اینڈ گیس)	ایک ماہ	۲۵۰ روپے
(۵) الیکٹریشن	ایک ماہ	۳۰۰ روپے
(۶) کنسٹرکشن فورمین	ایک ماہ	۲۵۰ روپے
(۷) ریفریجریشن اینڈ ائیرکنڈیشننگ	۲ ماہ	۳۴۰ روپے
(۸) موٹر وائینڈنگ کورس	ایک ماہ	۳۰۰ روپے
(۹) الیکٹریکل سپروائزر کورس	½ ماہ	۳۴۰ روپے

★ کنسٹرکشن فورمین کی کلاس ہر ماہ کی ۱۸ اور ۲۵ تاریخ کو شروع ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ عربی بول چال جناب حافظ محمد صدیق صاحب گولڈ میڈلسٹ فری سکھاتے ہیں۔
★ ریفریجریٹنگ ایجنسیاں اپنے ٹریڈ ٹیسٹ از قسم راج، سٹیل فکسر، شٹرنگ کارپینٹر، پائپ فٹر، ڈیزل مکینک، الیکٹریشن، ویلڈر، ڈرائیور ہم سے کروائیں۔
پراسپیکٹس جوابی لفافہ بھیج کر مفت منگوائیے
صبح اور شام کی کلاسز میں داخلہ جاری ہے
احمدی احباب کے لئے فیس میں ۱۵ فیصد رعایت
باہر کے طلباء کے لئے رہائش کا انتظام ہے
نسیم سٹیل فکسر ٹریڈ ٹیسٹ اینڈ ٹریننگ سنٹر رجسٹرڈ
اندرون موچی گیٹ لاہور۔ فون نمبر ۶۰۵۴۰ / ۵۵۴۱۱
برانچ:- 65/A کشمیر روڈ نزد جی ٹی ایس بس سٹینڈ راولپنڈی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطبہ جمعہ فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ نے جس بصیرت افروز خطبہ جمعہ کے ذریعہ امسال تحریک جدید کے سال نو کا اعلان فرمایا تھا وہ رسالہ کی صورت میں چھپوا لیا گیا ہے۔ جملہ جماعتوں کو بذریعہ ڈاک بھجوایا جا رہا ہے۔ اگر کسی جماعت کو ایک سے زائد کاپیاں پہنچیں تو ایک نقل لجنہ اور دوسری انصار کو پہنچا دی جائیں۔ نیز اولین موقعہ پر وہ خطبہ جماعت کو سنانے کا اہتمام کیا جائے۔

(وکیل المال اوّل تحریک جدید)

نتیجہ مقابلہ اطفال

۱۷ دسمبر کی شب کو مسجد راجیکی محلہ دارالرحمت شرقی ربوہ میں ایک کل ربوہ مقابلہ نظم خوانی برائے اطفال منعقد ہوا تھا۔ اس میں نظم خوانی کے مقابلہ کے بعد ایک اور مقابلہ کا بھی اعلان کیا گیا۔ تحریک جدید کے بارے میں چار سوالات دریافت کئے گئے۔ ان کے جوابات کے نمبر لگانے کے نتیجہ میں حسب ذیل اطفال اوّل اور دوم قرار پائے ہیں۔ ان اطفال کو مبارکباد کہنے کے ساتھ ہی ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ دفتر ہذا میں کسی وقت آکر وہ اپنا انعام خاکسار سے حاصل کر لیں۔

اوّل :- عزیز محمود احمد شاد — بورڈنگ ہاؤس

دوم :- عزیز محمد یوسف ناصر — دارالعلوم غربی

خاکسار بشیر احمد
وکیل المال اوّل تحریک جدید

نظارت اشاعت لٹریچر کی نئی مطبوعات

۱- براہین احمدیہ حصہ پنجم
۲- مسیح ہندوستان میں } تصنیفات حضرت مسیح موعود علیہ السلام
۳- حضرت مسیح علیہ السلام کی صلیب سے نجات۔ مکرم چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کی تصنیف Deliverance from the Cross کا اردو ترجمہ از قاضی محمد نذیر فاضل ناظر اشاعت۔
۴- مسیح کشمیر میں۔ مصنفہ مولوی محمد اسد اللہ صاحب قریشی مربی سلسلہ۔
۵- گورو نانکؒ کی دوسری شادی۔ مصنفہ گیانی عباد اللہ صاحب۔

جلسہ سالانہ کے موقع پر بک سٹالوں سے طلب فرمائیں!

الفضل میں اشتہار دیکر اپنی تجارت اور کاروبار کو فروغ دیجئے۔ (مینیجر الفضل)

اسلام میں مساجد کی اہمیت

ائمہ مساجد کی ذمہ داریاں

مصنفہ عباس احمد خان صاحب (مشتمل ۳۹ عنوانات)

اس کتاب میں مصنف نے ایک نئے زاویہ سے اسلامی رکن حج پر گہری ریسرچ کر کے اس کی افضلیت و افادیت کو قرآنی آیات و احادیث و کتب سلسلہ عالیہ احمدیہ کی رو سے ثابت کیا ہے۔ علماء سلسلہ و دیگر احباب کرام نے ان پر عمدہ تبصرہ فرمایا ہے۔ خانہ کعبہ کی تعمیر۔ خانہ کعبہ کا پہلا، دوسرا، تیسرا دور۔ وادی منیٰ میں تین شیطانوں کی رمی کا فلسفہ۔ فلسفہ حج، فلسفہ تحویل کعبہ۔ ائمہ مساجد کے فرائض۔ تمام مساجد بیت اللہ ہیں۔

مندرجہ ذیل احباب تبصرہ فرما چکے ہیں :-

۱- ملک سیف الرحمٰن صاحب مفتی سلسلہ عالیہ احمدیہ
۲- مرزا عبد الحق صاحب امیر جماعت احمدیہ صوبہ پنجاب
۳- غلام رسول صاحب اعوان ایڈووکیٹ ڈیرہ غازیخان۔
۴- عبد السلام صاحب طاہر مربی جماعت احمدیہ کراچی
۵- مولانا محمد صدیق صاحب امرتسری
۶- بشیر احمد صاحب بشیر نائب وکیل المال
۷- مولانا ابو المنیر نور الحق صاحب
۸- شیخ مبارک احمد صاحب
۹- شیخ عبد القادر صاحب محقق لاہور
۱۰- صوفی بشارت الرحمٰن صاحب
۱۱- محمد اسماعیل صاحب منیر
۱۲- مولوی ظہور حسین صاحب مبلغ بخارا
۱۳- قاضی محمد اسلم صاحب سابق پرنسپل گورنمنٹ کالج لاہور

قیمت -/۶

ملنے کا پتہ
(۱) نصر الیاس پبلیکیشنز۔ پی۔ آئی۔ آئی۔ اے بلڈنگ فلور ۲ مسٹر اچن روڈ کراچی
(۲) الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ۔ ربوہ

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ کے مبارک ہاتھوں سے قائم کردہ
دواخانہ حکیم نظام جان
۱۹۱۱ء سے اسی نام سے دکھی انسانوں کی خدمت کرتا چلا آرہا ہے
اس سال ربوہ میں ہماری دکان نزد ریلوے کراس ہے۔
دواخانہ کی مشہور ادویات
حب اٹھرا مکمل کورس ۲۵ روپے
تریاق اولاد گولیاں ۳۰ روپے
مشہزین ایک ماہ خوراک ۱۰ روپے
زد جام عشق ۴۰ روپے
تریاق معدہ ۵ روپے
عورتوں کے معائنہ کا علیحدہ انتظام ہے
منجانب حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

ھو الشافی
دانت درد کا علاج
دانتوں کے امراض کے متعلق مشورہ اور لٹریچر
مفت
پائیوریا (PYORRHEA) کا مکمل کورس -/۱۵
کیریز (CARIES) کا مکمل کورس -/۱۵
پائیوریا منجن (PYORRHEA POWDER) -/۴
کیوریٹو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ (ڈاکٹر راجہ ہومیو) ربوہ
فون ۶۰۶/۶۰۷

مایۂ ناز مرکبات

حبوب اٹھرا	مکمل کورس	۲۴ روپے
دوائی اولاد نرینہ	"	۳۰ "
زد جام عشق	۶۰ گولی	۴۰ "
حب عنبر	۳۰ "	۱۰ "
حب نادر	۳۰ "	۱۵ "

مکمل معلومات کیلئے فضل عمر دواخانہ قریشی مارکیٹ۔ گولبازار ربوہ

نرخنامہ
اکسیر رانی کھیت (گولیاں)
فی شیشی -/۲ روپے۔ درجن -/۱۸ روپے
گرس ۶۰/۲۰۱ روپے مع بونس۔
رانی کھیت روک (ٹیبلٹس)
فی ٹیوب (۳۶ مرغیوں کے حفظ کیلئے) -/۳
درجن -/۲۷ گرس ۴۰/۳۰۲ روپے مع بونس۔
پولٹری کی ادویات کا مفصل لٹریچر مفت
کیوریٹو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ (ڈاکٹر راجہ ہومیو) ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴